منہ میں پان ہونے کی حالت میں وظائف اور درود پاک پڑھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

راستے میں جاتے ہوئے منہ میں پان رکھا ہو تو کیا اوراد و وظائف اور درودِ پاک پڑھ سکتے ہیں ؟

جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جو لوگ بغیر خوشبو والا تمبا کو کھاتے ہیں اور اسے منہ میں دبا کر رکھنے کے عادی ہیں، ان کے منہ میں اس کی بدبو بس جاتی ہے کہ قریب سے بات کرنے میں دوسرے کو احساس ہوتا ہے، اس طرح تمبا کو کھانا جائز نہیں کہ یہ نماز بھی یوں ہی پڑھے گا اور ایسی حالت میں نماز مکروہ تحریمی ہے اور مسجد میں جانا بھی حرام ہے، جب تک منہ سے بدبو دور نہ کرلے۔ اور منہ میں بو کی حالت میں کوئی وظیفہ نہیں کرنا چاہیئے۔ منہ اچھی طرح صاف کرنے کے بعد کرنا چاہیئے۔ اور قرآن عظیم تو منہ میں بدبو ہونے کی حالت میں پڑھنا اور بھی سخت ہے۔ ہاں جب منہ میں بدبو نہ ہو تو درود شریف و دیگر وظائف اس حالت میں بھی پڑھ سکتے ہیں اگرچہ منہ میں پان یا تمبا کو ہو، اگرچہ بہتر صاف کرلینا ہے، لیکن قرآنِ کریم کی تلاوت کے وقت ضرور منہ بالکل صاف کرلیں، فرشتوں کو تلاوتِ قرآن عظیم کا بہت شوق ہے، جب مسلمان قرآن پڑھتا ہے فرشتے اس کے منہ پر منہ رکھ کر تلاوت کی لذت لیتے ہیں، اس وقت اگر منہ میں کھانے کی کوئی چیز ہو تو فرشتوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

فتاوی رضویہ میں ہے "جو لوگ غیر خوشبو دار تمبا کو کھاتے ہیں اور اسے منہ میں دبا رکھنے کے عادی ہیں ان کا منہ اس کی بدبو سے بس جاتا ہے کہ قریب سے بات کرنے میں دوسرے کو احساس ہوتا ہے اس طرح تمبا کو کھانا جائز نہیں کہ یہ نماز بھی یوں ہی پڑھے گا اور ایسی حالت سے نماز مکروہ تحریمی ہے بخلاف حقہ کے کہ اس میں کوئی جرم منہ میں باقی نہیں رہتا اور اس کا تغیّر کلیوں سے فوراً زائل ہو جاتا ہے۔ (فتاوی رضویہ، جلد 24، صفحہ 555، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

احکام شریعت میں ہے "بو کی حالت میں کوئی وظیفہ نہ کرنا چاہیئے۔ منہ اچھی طرح صاف کرنے کے بعد ہو اور قرآن عظیم تو حالت بدبو میں پڑھنا اور بھی سخت ہے۔ ہاں جب بدبو نہ ہو تو درود شریف و دیگر وظائف اس حالت میں بھی پڑھ سکتے ہیں کہ منہ میں پان یا تمباکو ہو اگرچہ بہتر صاف کرلینا ہے۔ لیکن قرآنِ کریم کی تلاوت کے وقت ضرور منہ بالکل صاف کرلیں۔ فرشتوں کو قرآن عظیم کا بہت شوق ہے اور عام ملائکہ کو تلاوت کی قدرت نہ دی گئی۔ جب مسلمان قرآن پڑھتا ہے فرشتہ اس کے منہ پر منہ رکھ کر تلاوت کی لذت لیتے ہیں، اس وقت اگر منہ میں کھانے میں کسی چیز کا لگاؤ ہوتا ہے (تو) فرشتوں کو ایذا ہوتی ہے۔ (احکام شریعت، صفحہ 147، کتب خانہ امام احمد رضا)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4204

تاریخ اجراء: 11 ربیع الاول 1447ھ/05 ستمبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net